# ماڈل پیپر "سوکس"

## برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

## (حصہ معروضی)

وقت: 30 منٹ — کل نمبر: 20

سوال نمبر 1- نوٹ- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) محمڈن ایجوکیشنل کانفرنس کا قیام کب عمل میں آیا؟

(الف) 1866ء (ب) 1876ء (ج) 1886ء (د) 1896ء

(ii) 1906ء میں مسلم لیگ کا قیام کس شہر میں عمل میں آیا؟

(الف) کراچی (ب) لکھنو (ج) علی گڑھ (د) ڈھاکہ

(iii) قائداعظم مسلم لیگ میں کب شامل ہوئے؟

(الف) 1909ء (ب) 1913ء (ج) 1917ء (د) 1921ء

(iv) پاکستان کی قومی اسمبلی کے ارکان کی کل تعداد کتنی ہے؟

(الف) 332 (ب) 342 (ج) 352 (د) 362

(v) قرارداد مقاصد (1949) کس وزیراعظم کے دور میں منظور ہوئی؟

(الف) خواجہ ناظم الدین (ب) چوہدری محمد علی (ج) حسین شہید سہروردی (د) لیاقت علی خان

(vi) پاکستان کے سینٹ کے ارکان کی کل تعداد کتنی ہے؟

(الف) 40 (ب) 60 (ج) 80 (د) 104

(vii) وحدت مغربی پاکستان کب عمل میں آئی؟

(الف) 1945ء (ب) 1955ء (ج) 1965ء (د) 1975ء

(viii) 2005-2006 کے اعداد و شمار کے مطابق پاکستان میں شرح خواندگی کتنی ہے؟

(الف) 43 فیصد (ب) 45 فیصد (ج) 47 فیصد (د) 53 فیصد

(ix) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا ہیڈ آفس کہاں ہے؟

(الف) لاہور (ب) اسلام آباد (ج) کراچی (د) ملتان

(x) اعلیٰ ثانوی تعلیم کا کورس کتنے سال کا ہوتا ہے؟

(الف) 5 سال (ب) 4 سال (ج) 3 سال (د) 2 سال

(xi) معاشرتی نظم و ضبط کا لفظی معنی کیا ہے؟

(الف) معاشرتی حکم (ب) حکومتی کاروبار (ج) خوشحالی (د) عدل و انصاف

(xii) کون سے خلیفہ رات کو گلیوں کا چکر لگا کر عوام کی پریشانیوں کا جائزہ لیا کرتے تھے؟

(الف) حضرت ابوبکر صدیقؓ (ب) حضرت عمر فاروقؓ (ج) حضرت عثمان غنیؓ (د) حضرت علی المرتضیٰؓ

(xiii) پاکستان میں سیاسی جماعتوں کا کونسا نظام رائج ہے؟

(الف) یک جماعتی (ب) دو جماعتی (ج) سہ جماعتی (د) کثیر جماعتی

(xiv) پاکستانی قومیت کی واحد بنیاد کون سی ہے؟

(الف) اسلام (ب) اتحاد و تعاون (ج) زبان (د) علاقہ

(xv) پاکستان میں 1958ء میں کون سا واقعہ پیش آیا؟

(الف) انتخابات ہوئے (ب) ٹی وی اسٹیشن کا قیام (ج) مارشل لاء (د) اسلام آباد شہر کا قیام

(xvi) عوامی جمہوریہ چین کا قیام کب عمل میں آیا؟

(الف) 1947ء (ب) 1949ء (ج) 1951ء (د) 1953ء

(xvii) اسلامی کانفرنس کی تنظیم کا پہلا اجلاس 1969ء میں کس شہر میں منعقد ہوا؟

(الف) رباط (ب) جدہ (ج) کراچی (د) تہران

(xviii) اقتصادی تعاون کی تنظیم (E.C.O) کا قیام کب عمل میں آیا؟

(الف) 1964ء (ب) 1975ء (ج) 1985ء (د) 1990ء

(xix) پاکستان اور افغانستان کی سرحد کی لمبائی کتنی ہے؟

(الف) 2240 کلومیٹر (ب) 2246 کلومیٹر (ج) 2250 کلومیٹر (د) 2252 کلومیٹر

(xx) اقوام متحدہ کا رکنیت کے لحاظ سے سب سے بڑا ادارہ کون سا ہے؟

(الف) جنرل اسمبلی (ب) بین الاقوامی عدالت انصاف (ج) سلامتی کونسل (د) معاشی اور معاشرتی کونسل

# ماڈل پیپر"سوکس"

## برائے انٹرمیڈیٹ پارٹ-II امتحان

## حصہ انشائی

وقت:30-2 گھنٹے

کل نمبر:80

## حصہ اول

### سوال نمبر2- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) سرسید احمد خان کی دو تصانیف کے نام لکھئے۔

(ii) آل انڈیا مسلم لیگ کے قیام کے دو مقاصد تحریر کیجئے۔

(iii) 3 جون کے منصوبہ کے دو اہم نکات تحریر کیجئے۔

(iv) 1935ء کے ایکٹ کے تحت قائم کیے گئے "دوعملی نظام" سے کیا مراد ہے؟

(v) ڈاکٹر جارج براس نے "آئیڈیالوجی" کی کیا تعریف کی ہے؟

(vi) قائداعظم نے سبی دربار سے خطاب کرتے ہوئے کیا فرمایا؟

(vii) پاکستان میں رائے دہندہ کی دو شرائط تحریر کیجئے۔

(viii) پاکستان کے 1973ء کے آئین کو "وفاقی آئین" کیوں کہا جاتا ہے؟

(ix) پاکستان کی قومی اسمبلی کا قائد ایوان کسے کہا جاتا ہے؟

(x) سینٹ کے انتخابی طریق کار کو کیا کہا جاتا ہے؟

(xi) وزیراعظم کے انتخاب کی ذمہ داری کس ادارے پر عائد کی گئی ہے؟

(xii) سپریم کورٹ کے ججوں کی معیاد عہدہ کتنی ہے؟

### سوال نمبر3- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) حضورﷺ نے علم حاصل کرنے پر کیوں زور دیا؟

(ii) متضاد نظام تعلیم سے کیا مراد ہے؟

(iii) رسمی تعلیم سے کیا مراد ہے؟

(iv) افراط آبادی سے پیدا ہونے والے کوئی دو مسائل لکھیں؟

(v) صحت کی سہولتیں فراہم کرنے کے لئے ضلعی حکومتوں کے کوئی دو اقدام لکھیں؟

(vi) تعلیمی مسائل کے حل کے لئے حکومتی سطح پر کیئے جانے والے دو اقدامات بیان کیجئے۔

(vii) اصول معدلت سے کیا مراد ہے؟

(viii) اجماع سے کیا مراد ہے؟

(ix) ضلع کی سطح پر اختیارات کی تقسیم کے لحاظ سے سب سے اہم عہدہ کیا ہے؟

(x) پاکستان میں معاشی نظم وضبط کے لیے قائم دو ادارے تحریر کریں۔

(xi) قومی یکجہتی کا مفہوم واضح کیجئے۔

(xii) پاکستان میں صوبائیت پرستی کا خاتمہ کیسے ممکن ہے؟ کوئی دو تجاویز دیں۔

سوال نمبر 4- کوئی سے 9 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) اسلامی مثالی ریاست کی دو خصوصیات تحریر کریں۔

(ii) جاگیردارانہ نظام سے کیا مراد ہے؟

(iii) پاکستان میں جمہوریت کی کامیابی کیسے ممکن ہے؟ دو تجاویز دیں۔

(iv) قومی یکجہتی کے فروغ کے لئے ذرائع ابلاغ کے کردار کے حوالہ سے دو مثالیں دیں۔

(v) اقتصادی تعاون کی تنظیم کے کوئی دو مقاصد تحریر کیجئے۔

(vi) "سندھ طاس معاہدہ" کا بنیادی موضوع کیا ہے؟

(vii) پاکستان اور عوامی جمہوریہ چین کے درمیان مثالی تعلقات کی مثال کن دو منصوبوں کو کہا جا سکتا ہے؟

(viii) ورلڈ ٹریڈ سنٹر کا واقعہ کب اور کہاں رونما ہوا؟

(ix) اقوام متحدہ کے قیام کے کوئی دو مقاصد بیان کریں۔

(x) ای۔سی۔او کے چار رکن ممالک کے نام لکھیں۔

(xi) سید حسن ریاض کی پاکستان سے متعلق تصنیف کا کیا نام ہے؟

(xii) مشرقی پاکستان کی علیحدگی کی دو وجوہات لکھیں۔

(xiii) ڈیورنڈ لائن کسے کہتے ہیں؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف تین کے جوابات تحریر کریں۔ 10x3 = 30

سوال نمبر 5۔ قائداعظم کے ارشادات کی روشنی میں نظریہ پاکستان کی وضاحت کیجئے۔ 10

سوال نمبر 6۔ 1973ء کے آئین کی خصوصیات بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ پاکستان میں تعلیمی پسماندگی کی وجوہات تحریر کیجئے۔ 10

سوال نمبر 8۔ قومی یکجہتی کے مسائل اور ان کا حل بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 9۔ پاکستان کی خارجہ پالیسی کے نمایاں خدوخال تحریر کریں۔ 10